سوال

(404) شوہر کا بیوی کی طرف زکاۃ دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا یہ جائز ہے کہ میرا شوہر میری طرف سے میرے مال کی زکاۃ ادا کر دے، جبکہ یہ مال اسی نے مجھے دیا ہے؟ اور کیا یہ جائز ہے کہ میں اپنے بھانجے کو زکاۃ دوں؟ میری بہن کا شوہر فوت ہو چکا ہے، اور اس کا یہ بیٹا بھرپور جوان ہے اور اپنی شادی کی فکر میں ہے۔۔ برائے مہربانی اس میں میری رہنمائی فرمائیں۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر آپ کے پاس بمقدار نصاب سونا چاندی یا کوئی اور مال زکاۃ موجود ہے تو زکاۃ ادا کرنا آپ پر واجب ہے۔ لیکن اگر شوہر پر آپ کی طرف سے آپ کی اجازت سے یا والد یا بھائی وغیرہ ادا کر دے تو اس میں کوئی حرج نہیں اور یہ بھی جائز ہے کہ آپ اپنے بھانجے کی مال زکاۃ سے اس کی شادی وغیرہ میں مدد کر دیں بشرطیکہ وہ اس کے اخراجات برداشت کرنے سے عاجز ہو۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 335

محدث فتویٰ